ایمان کي آیتوں سے جنگل بھرا ھوا ھے
بکھرا ھوا زمیں پر قران پڑا ھوا ھے

ھے انتظار ماں کو آنسوں تھمے ھوئے ھے
اصغر پہ ھے نگاھیں پردہ اٹھا ھوا ھے

شبیر کي جبیں پر یہ زخم ھے نمایاں
یا سرخ آیتوں میں قرآن لکھا ھوا ھے

شبیر کي جبیں ھے اور زیر تیغ سجدے
اے کربلاء زمیں پر کعبة جھکا ھوا ھے

دولھا کا پیارا چھرہ اور اس پے خون کي دھارے
شبیر کا بھتیجہ دولھا بنا ھوا ھے

ننھي لحد سے اٹھکر بانو کے پاس آؤ
اصغر تمھارے خاطر جھولا تھما ھوا ھے

اکبر کے پاس آکر مولی ھے کشمکش میں
کس طرح نکلے برچھي سینة چھیدا ھوا ھے

ھے انقلاب عالم یوں جارھي ھے زینب
چادر چھیني ھوئي ھے بازوں بندھا ھوا ھے

اترا ھوا ھے چھرہ سوکھے ھوئے ھے آنسوں
اصغر کھاں سدھارے بانو کو کیا ھوا ھے

ٹوٹے ھوئے ھے تارے جھکتا ھوا ھے سورج
شبیر کا زمیں پر لاشہ پڑھا ھوا ھے